معاشرہ کی مہلک بیماریاں اور ان کا علاج | تصنیف : شیخ احمد بن حجر ۔ قطر ۔

ترجمہ : نصیر احمد ملّی ۔ صفحات : ۷۲۸ قیمت ۱۰۰/- روپے ۔ ناشر : مکتبہ قدوسیہ غزنی سٹریٹ ، اُردو بازار ۔ لاہور ۔

یہ کتاب ترجمہ ہے عربی کتاب "تطہیر المجتمعات من ارجاس المعاصی والموبقات" کا ۔ جو شیخ احمد بن حجر کی تالیف ہے ۔ موصوف قطر میں محکمۂ شرعیہ اُولیٰ کے قاضی ہیں ۔

اس کتاب میں گناہوں کی تفصیل اور ان کا بُرا انجام بتایا گیا ہے ۔ اس کے ساتھ ساتھ نیک عمل کرنے والوں کے لیے اُخروی انعامات کا ذکر کیا گیا ہے ۔ تقریباً ۷۰ کبیرہ گناہوں کی تفصیلات قرآن و حدیث کی روشنی میں دی گئی ہیں ۔ کبائر کے موضوع پر یہ ایک جامع کتاب ہے اس میں اخلاقی ، معاشرتی اور معاشی غرض ہر قسم کے معاصی و منکرات کی وضاحت کے ساتھ ساتھ ان سے اجتناب کرنے کی تلقین کی گئی ہے ۔ فرد اور معاشرے کی اصلاح کے حوالے سے یہ ایک اہم اور مفید کتاب ہے ۔ جو خوب صورت ٹائیٹل کے ساتھ مزیّن ہے ۔ (رفیق چوہدری)

سیکولرازم یا اسلام | مرتبہ : خالد حامدی ۔ ناشر : ادارۂ شہادتِ حق ۔ پوسٹ

بکس نمبر ۹۷۰۲ ۔ جامعہ نگر نئی دلی ۲۵ ۱۱۰۰ (بھارت) صفحات : ۱۶۴ سائز : $\frac{20 \times 30}{8}$

قیمت : ۱۵/- روپے ۔

خالد حامدی صاحب نے اس کتاب میں سیّد ابوالاعلیٰ مودودیؒ ، سید حامد علی ، مولانا صدرالدین اصلاحی ، مولانا محمد یوسف ، ڈاکٹر محمد ناصر ، محمد نجات اللہ صدیقی اور جناب انعام الرحمٰن خاں کے مقالات یک جا کر دیئے ہیں اور "گزارشِ اوّل" کے عنوان سے پُرمغز مقدمہ خود رقم کیا ہے ۔ موضوع کتاب کے نام سے واضح ہو جاتا ہے اور یہ بات بھی عیاں ہے کہ نہ صرف اسلام بلکہ جملہ مذاہب کے لیے سیکولرازم کھلا چیلنج ہے ۔ ہمارے نزدیک یہ ایک قابلِ مطالعہ کتاب ہے ۔ فاضل مؤلف نے ایک نہایت مفید کام کیا ہے ۔

(سیّد نظر زیدی)